# طِطُس
# کے نام پَولُسؔ کا خط

1 پَولُسؔ کی جانِب سے جو خُدا کا خادِم اَور یِسوعؔ المسیح کا رسول
ھے۔ خُدا نے مُجھے اَپنے برگُزیدہ لوگوں کے ایمان اَور حق کے عِرفان
میں ترقّی کی خاطِر مُنتخب کیا تا کہ وہ دینداری کی طرف رُجُوع
کریں۔
2 جو اَبدی زندگی کی اُمّید پر قائِم ھے جِس کا وعدہ خُود خُدا
نے شروع زمانہ سے پیشتر ھی کر دیا تھا، جو کبھی جھُوٹ نہیں بولتا۔
3 اَور جسے اَب خُدا نے اَپنے مُقرّر وقت پر اَپنے کلام کو میرے
اُس مُنادی کے ذریعہ ظاھر کیا جو ھمارے مُنجّی خُدا کے حُکم سے
میرے سُپرد کیا گیا۔
4 طِطُسؔ کے نام خط جو ایمان کی شرکت کے لِحاظ سے میرا
حقیقی بیٹا ھے:
خُدا باپ اَور ھمارے مُنجّی خُداوؔند المسیح یِسوعؔ کی طرف سے
تُمھیں فضل اَور اِطمینان حاصل ھوتا رھے۔

## کریتےؔ کی جماعت میں بُزرگوں کو مُقرّر کرنا

5 مَیں نے تُجھے جَزِیرہ کریتےؔ میں اِس لِئے چھوڑا تھا کہ جو کام
وھاں ادھورا رہ گیا تھا، تُو اُسے پُورا کر سکے اَور میرے حُکم کے مُطابق
ھر شہر کی جماعت میں بُزرگوں کو مُقرّر کرے۔

6 هر پاسبان بے اِلزام اَور ایک هی بیوی کا شوهر هو، اُس کے بچّے
ایمان والے هوں اَور بدچلنی اَور نافرمانی کے اِلزام سے پاک هو۔
7 کیونکه نگهبان کو خُدا کے گهر کا مُختار هونے کی وجه سے ضرُور
بے اِلزام هونا چاهئے۔ نه تو وه سخت دِل، گرم مِزاج، شرابی جهگڑالو، یا
ناجائز نفع کا لالچی هو۔
8 بلَکه وه مهمان نواز، خیر دوست، اَپنے نَفس پر قابُو رکهنے والا،
راستباز، پاک اَور نظم و ضَبط والا هو۔
9 اَور ایمان کے کلام پرجو اِس تعلیم کے مُوافق هے، قائِم رهنے والا
هو تا که وه صحیح تعلیم سے دُوسروں کو نصیحت دے سکے اَور مُخالفوں
کو بهی قائل کر سکے۔

## نیکی نه کرنے والوں کو ملامت

10 کیونکه بهت سے لوگ خاص طور پر وه جو ختنه کرانے پر زور
دیتے هیں، بڑے سَرکش، فُضول باتیں کهنے والے اَور دغاباز هیں۔
11 اَیسے لوگوں کا مُنه بند کرنا ضرُوری هے کیونکه یه لوگ ناجائز
نفع کی خاطِر غلط باتیں سِکها کرجو اُنهیں نهیں سِکهانا چاهئے، گهر کے
گهر تباه کر دیتے هیں۔
12 اُن کے نبیوں میں سے ایک خُود کریتےؔ کے نبی نے تو یهاں تک
کهه دیا: ”کریتی لوگ همیشه جهُوٹے، مُوذی درندے، کاهل اَور پیٹو
هوتے هیں۔“
13 یه گواهی سچّی هے۔ لٰهذا تُو اُنهیں سختی سے ملامت کیا کر تا که اُن
کا ایمان دُرست هو جائے۔

14 اَور وہ یہُودیوں کے قِصّوں اَور اَیسے آدمیوں کے اَحکام پر توجّہ نہ
کریں جو حق سے گمراہ ہو گئے ہیں۔
15 جو خُود پاک ہیں اُن کے لئے سَب چیزیں پاک ہیں لیکن گُناہ
آلُودہ اَور بےایمان لوگوں کے لئے کوئی بھی چیز پاک نہیں کیونکہ اُن
کی عقل اَور ضمیر دونوں ناپاک ہو گئے ہیں۔
16 وہ خُدا کی پہچان کا دعویٰ تو کرتے ہیں لیکن اَپنے کاموں سے
اُس کا اِنکار کرتے ہیں۔ وہ قابل نفرت، نافرمان اَور کوئی بھی نیک
کام کرنے کے لائق نہیں ہیں۔

## 2

### انجیل کی خاطِر نیک کام کرنا

1 بہرحال تُم وُہی باتیں بَیان کرو جو صحیح تعلیم کے مُطابق مُناسب
ہوں۔
2 بُزرگ مَردوں کو سِکھا کہ وہ پرہیزگار، قابل اِحترام، اَپنے نَفس
پر قابُو رکھنے والے، ایمان، مَحَبّت اَور صبر میں پکّے ہوں۔
3 اِسی طرح بُزرگ خواتین کو ہدایت دو کہ وہ بھی مُقدّسین کی سِی
زندگی بسر کریں اَور تہمت لگانے والی اَور شراب پینے والی نہ ہوں بَلکہ
اَچھّی باتوں کی تعلیم دینے والی ہوں۔
4 تبھی وہ جَوان خواتین کو سِکھا سکیں گی کہ وہ اَپنے شوہروں
اَور بچّوں کو پیار کریں،
5 اَپنے نَفس پر قابُو رکھیں اَور پاک دامن ہوں، گھر کا کام کاج
کرنے والی اَور مہربان ہوں اَور اَپنے شوہروں کے تابع رہیں تاکہ خُدا
کے کلام کی بدنامی نہ ہو۔

6 ٹھیک اِسی طرح نوجوانوں کو بھی نصیحت کر کہ وہ اَپنے نَفس
پر قابُو رکھیں۔
7 تُم سَب باتوں میں اَپنے آپ کو نیک کاموں کو کرنے میں اُن کے
لئے نمونہ بَن۔ اَور تیری تعلیم میں خُلوص دِلی اَور سنجِیدگی ہو،
8 تاکہ جو کچھ تو سِکھائے وہ اَیسا صحیح کلام ہو کہ کوئی حرف
گیری نہ کر سکے اَور کوئی مُخالف ہم پر عیب لگانے کا موقع نہ پا
سکے بَلکہ شرمندہ ہو جائے۔
9 غُلاموں کو سِکھا کہ اَپنے مالکوں کے سَب تابع رہیں۔ اُن کے
ہر حُکم کی تعمیل کریں اَور کبھی اُلٹ کر جَواب نہ دیں،
10 خیانت نہ کریں بَلکہ پُوری وفاداری سے کام کریں تاکہ اُن کے
سارے کام ہمارے مُنّجی خُدا کی تعلیم کی زینت کا باعث ہو سکیں۔
11 کیونکہ خُدا کا وہ فضل جو سارے اِنسانوں کی نَجات کا باعث
ہے، ظاہر ہو چُکاہے۔
12 وہ فضل ہمیں تربِیّت دیتاہے کہ ہم بے دینی اَور دُنیوی خواہشوں
کو چھوڑکر اِس دُنیا میں پرہیزگاری، صداقت اَور دینداری کے ساتھ
زندگی گُزاریں،
13 اَور اُس مُبارک اُمّید یعنی اَپنے عظیم خُدا اَور مُنّجی، یِسوعؔ المسیح
کے جلال کے ظاہر ہونے کے مُنتظر رہیں،
14 جنہوں نے اَپنے آپ کو ہماری خاطِر قُربان کر دیا تاکہ ہمارا فدیہ
ہوکر ہمیں ہر طرح کی بے دینی سے چھُڑا لیں اَور ہمیں پاک کرکے اَپنی
خاص مِلکیّت کے لئے ایک اَیسی اُمّت بنا لیں جو نیک کام کرنے میں

سرگرم ہو۔
15 تُو اِن باتوں کی پُورے اِختیار کے ساتھ تعلیم دے، تنبیہ کر اَور
نصیحت بھی دیتا رہ۔ کوئی شخص تیری حقارت نہ کرنے پائے۔

# 3

## اَچھّے کام کرنے کے واسطے نَجات

1 لوگوں کو یاد دِلا کہ وہ حاکموں اَور صاحبِ اِختیاروں کے تابع
رہیں، اُن کا حُکم مانیں اَور ہر نیک کام کو اَنجام دینے کے لِئے تیّار
رہیں۔
2 کسی کی بدگوئی نہ کریں، اَمن پسند اَور نرم مِزاج ہوں اَور سَب
لوگوں کے ساتھ بڑی حلیمی سے پیش آئیں۔
3 کیونکہ ہم بھی ایمان لانے سے پہلے ناسمجھ، نافرمان، فریب کھانے
والے اَور ہر طرح کی خواھشوں اَور عیّاشیوں کی غُلامی میں تھے۔ بدنیّتی
اَور حَسد میں زندگی گزارتے تھے۔ لوگ ہم سے نفرت کرتے تھے اَور
ہم اُن سے۔
4 لیکن جَب ہمارے مُنجّی خُدا کی رحمت اَور مَحَبّت ظاہر ہوئی،
5 تو خُدا نے ہمیں نَجات بخشی، مگر یہ ہمارے راستبازی کے کاموں
کے سبب سے نہیں تھا بَلکہ اُس کی رحمت کے مُطابق۔ ہمیں پاک رُوح
کے ذریعہ نئی زندگی بخشی اَور رُوحانی پیدائش کے غُسل سے ہمارے
دِلوں کو پاک صَاف کر دیا۔
6 خُدا نے ہمارے مُنجّی یِسوعؔ المسیح کی مَعرفت سے پاک رُوح کو
ہم پر بڑی کثرت سے نازل کیا،

7 تا کہ ہم خُدا کے فضل سے راستباز ٹھہریں، اَور اَبدی زندگی کی
اُمّید کے مُطابق وارِث بنیں۔
8 یہ بات قابل یقین ہے اَور مَیں چاہتا ہُوں کہ تُم اِن باتوں کو بڑے
یقینی طور سے تعلیم دو تا کہ خُدا پر ایمان لانے والے نیک کاموں میں
مشغُول رہنے پر غور کریں۔ یہ باتیں اَچھّی اَور اِنسانوں کے لِئے مفید ہیں۔
9 لیکن احمقانہ حُجّتوں، نَسب ناموں، بحثوں اَور شَرعی تنازعوں سے
پرہیز کریں، کیونکہ اَیسا کرنا بے فائدہ اَور فُضول ہے۔
10 جو آدمی بِدعتی یا جھُوٹی تعلیم دینے والا ہو اُسے دو بار نصیحت
کرنے کے بعد بھی اگر نہ مانے تو اُسے جماعت کی رِفاقت سے خارج
کر دو۔
11 یہ جان کر کہ اَیسا آدمی گُمراہ ہے اَور اَپنے حرکتوں سے خُود ہی
مُجرم ٹھہراتا ہے اَور گُناہ میں مشغُول رہتا ہے۔

## آخِری ہدایت

12 جَب مَیں اَرتِماسؔ اَور تُخِکسؔ کو تیرے پاس بھیجوں تو نِیکُپُلِسؔ
شہر میں میرے پاس آنے کی پُوری کوشش کرنا کیونکہ مَیں نے فیصلہ
کِیا ہے کہ سردی کا موسم وہیں گزاروں۔
13 زیناسؔ کو جو وکِیل ہے اَور اپلّوسؔ کو روانہ کرنے کی کوشش
کرنا اَور یہ بھی دیکھنا کہ اُنہیں کسی چیز کی ضرورت نہ رہے۔

14 اَور ہمارے لوگ بھی اَچھّے کاموں میں مشغُول ہونا سیکھیں تا کہ
دُوسروں کی فَوری ضرورتوں کو پُورا کر سکیں اَور بے پھل زندگی نہ

گُزاریں۔

15 میرے سَب ساتھی تُجھے سلام کہتے ہیں۔
جو ایمان کے رُو سے ہم سے مَحَبّت رکھتے ہیں، اُنہیں ہمارا سلام
کہنا۔

تُم سَب پر خُدا کا فضل ہوتا رہے۔

# ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
Biblica Inc کےذریعہ تجارتی رجسٹرڈ اَور سند کی حُقُوق کے متحدہ ھائے ریاست اَور "Biblica"
جاتاھے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دَفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f